# انصار(رض) نے ابوبکر (رض) کی مخالفت کی اور سعد بن عبادہ (رض) کی بیعت کرنے کی دعوت دی اور علی(ع) اپنے گھر میں بیٹھے رہے

<"xml encoding="UTF-8?>




سوال

انصار(رض) نے ابوبکر (رض) کی مخالفت کی اور سعد بن عبادہ (رض) کی بیعت کرنے کی دعوت دی اور علی(ع) اپنے گھر میں بیٹھے رہے اور نہ ان کا ساتھ دیا اور نہ ان کا, بعد میں انصار نے ابوبکر کی بیعت کی, کہ ان کی یہ بیعت مندرجہ ذیل اسباب میں سے ایک پر مبنی تھی-

1- ان سے زبردستی بیعت لی گئی-

2- ان کے لئے ثابت ھوا کہ ابوبکر دوسروں کی بہ نسبت خلافت کے لئے زیادہ حقدار ھیں اس لئے انھوں نے ان کی بیعت کی-

3- یا یہ کہ انھوں نے کسی مقصد کے بغیر یہ کام انجام دیا ھے, ان کے اس کام کے لئے کوئی چوتھی وجہ نہیں پائی جاتی ھے-

اگر شیعہ کھیں گے کہ انصار سے زبر دستی بیعت لی گئی ھے, تو یہ جھوٹ ھے, کیو نکہ بیعت لینے کے لئے کوئی لڑائی اور دھمکی رونما نہیں ھوئی ھے اور کسی نے اس سلسلہ میں ھتھیار نہیں اٹھائے ھیں اور یہ ممکن نہیں ھے کہ انصار کو ڈرایا دھمکایا گیا ھو گا , کیونکہ وہ دو ھزار شھسوار بھادروں پر مشتمل تھے, اور سب ایک ھی قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے اور بے مثال شجاعت کے مالک تھے, انھوں نے مسلسل آٹھ سال تک عربوں سے جنگ لڑی تھی اور موت سے کھیل چکےتھے اور موتہ میں قیصر روم سے جنگ کے لئے آمادہ ھو چکے تھے, اس بنا پر ممکن نہیں ھےکہ وہ ابوبکر اور ان کے دو ساتھیوں سے ڈرتے,اور اس کے علاوہ نہ ابوبکر کا وھاں پر کوئی قبیلہ تھا اور نہ وہ مال و دولت کے مالک تھے کہ انصار اس کے بل بوتے پر مجبور ھو جاتے! بلکہ انصار نے کسی خوف و ھراس اور شک و شبھہ کے بغیر بلا فاصلہ ابوبکر کی بیعت کی ھے-

اسی طرح اگر وہ جانتے کہ ابوبکر حق پر نہیں ھیں, تو وہ ھر گز اپنے چچیرے بھائی کو تنھا چھوڑ کر ایک ایسے

شخص کی بیعت نهیں کر تے جس کا نه وهاں پر کوئی بڑا قبیله تھا اور نه وه کوئی مال و دو لت رکھتے تھے اور نه ان کا کوئی محل اور نگهبان تھا, کیو نکه انهیں کسی کا خوف نهیں تھا , که بیعت کر نے پر مجبور هو جا تے اور نه انهیں کسی مال و مقام کی لالچ تھی, اس بنا پر انصار کی اتنی بڑی تعداد کا ابوبکر کی بیعت کر نے پر اتفاق کر نا, جبکه وه جانتے تھے که وه حق پر نهیں هیں اور حق انصار کے ساتھ رهے, نا ممکن اور محال هے- پس, ان کی ابوبکر کی بیعت کر نے کی صرف یهی ایک وجه تھی که ان کے پاس پیغمبر (ص) کی طرف سے ایک صحیح دلیل موجود تھی جو یه ثابت کرتی تھی که خلافت ابوبکر کا حق هے- اور جب ثابت هوا که خلافت انصار سے متعلق نهیں هے , تو ان کو کس چیز نے اس بات پر مجبور کیا که وه سب علی(ع) کی خلافت کے بارے میں پیغمبر (ص) کی صریح نص کی مخالفت کریں؟! نا ممکن هے که وه کسی ایسے فرد کی مدد پر اتفاق کریں جس نے ان پر ظلم کیا هو اور ان کے حق کو غصب کیا هو!